# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز

اسلام آباد

مورخہ ۲۵ اکتوبر ۲۰۱۷

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا اجلاس آج جناب چیف الیکشن کمشنر کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں تمام ممبران الیکشن کمیشن نے شرکت کی جس میں قومی مردم شماری ۲۰۱۷ کے نتائج کی اشاعت، انتخابی فہرستوں کی نظرثانی اور نئی حلقہ بندیوں کے لیے الیکشن کمیشن کو درکار ٹائم اور مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے قومی مردم شماری کے نتائج شائع نہ ہونے پر اور اس سے متعلقہ تفصیلات کی عدم فراہمی پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا۔ اور واضح کیا کہ اگر بروقت ضروری آئینی ترمیم نہ کی گئی اور الیکشن کمیشن کو مردم شماری کی شائع شدہ رپورٹ، نقشہ جات بمعہ شماریاتی چارجز، سرکلز اور بلاکس اور ان کی حدود کی تفصیلات فوری طور مہیا نہ کی گئیں تو الیکشن کمیشن کے لیے انتخابی فہرستوں کی نظرثانی اور نئی حلقہ بندیوں کے کام کی تکمیل ناممکن ہو گی۔ جس کی ذمہ داری تمام متعلقہ اداروں پر ہو گی۔ اس ضمن میں الیکشن کمیشن بار بار حکومت اور متعلقہ اداروں کی توجہ اس جانب مبذول کرا چکا ہے۔ جس کے اب تک کوئی خاطر خواہ نتائج سامنے نہیں آئے۔ اسی سلسلے میں الیکشن کمیشن نے ایک ہنگامی اجلاس مورخہ ۲۷ اکتوبر ۲۰۱۷ کو طلب کیا ہے جس میں سیکرٹری وزارت قانون اور سیکرٹری شماریات ڈویژن الیکشن کمیشن کو بریفنگ دیں گے۔